The Constitution of Islamic Republic of Pakistan guarantees the Fundamental Rights of all citizens, including Persons with Disablities, without discrimination. As State Party to the UN Convention on the Rights of Persons with Disabilities (UNCRPD), Pakistan is obliged to ensure and promote the full realization of rights and freedoms for persons with disabilities by taking appropriate legislative, administrative and policy measures. Keeping in view our national and international commitments, the ICT Rights of Persons with Disability Bill, 2018 has been prepared through a consultative process for protection and promotion of Rights of PWDs. The law proposes legal and institutional framework for an inclusive society where PWDs have full participation in all forms of social life, particularly in health, education and employment.

2. The Bill seeks to achieve the aforesaid objective.

Dr. Shireen M. Mazari
Minister for Human Rights

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

اسلامی تعلیمات اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے احکامات کے ساتھ معاشرے میں معذور افراد کے حقوق کے فروغ، تحفظ اور انہیں مؤثر طور پر یقینی بنانے کا بل تاکہ معاشرے میں اُن کی عزت اور احترام کو تسلیم کرنے کے لئے پیشتر کوششیں کی جائیں

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قانونی و اداراتی فریم ورک کو انجام دیا جائے تاکہ معذور اشخاص کا بالعموم، بالخصوص خواتین، بچوں اور عمر رسیدہ اشخاص کے حقوق کا تحفظ کیا جا سکے، جیسا کہ معذور اشخاص کے حقوق کی نسبت اقوام متحدہ کے کنونشن نیز دیگر انسانی حقوق کے معاہدات اور کنونشنز میں ہدایت کی گئی ہے جس کا کہ پاکستان فریق ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

حصہ اوّل
ابتدائیہ

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغازِ نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ ICT معذور اشخاص کے حقوق کا ایکٹ، ۲۰۱۸ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ دارالحکومت اسلام آباد کی کل علاقائی حدود پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔** اس ایکٹ میں، تاوقتیکہ کوئی شئے موضوع یا سیاق وسباق کے منافی نہ ہو،۔۔۔

(الف) ''رسائی'' سے مختلف عملی اور نا قابل حس ذرائع تک بامعنی اور مؤثر رسائی جو معذور اشخاص کی خصوصی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے موزوں طور پر بنائے گئے ہوں مراد ہیں؛

(ب) ''رکاوٹ'' سے عوام الناس کے لئے فراہم کردہ انفراسٹکچر اور خدمات تک رسائی میں عملی، سماجی، نفسیاتی رابطہ، معلومات، قانونی اور رویہ جاتی مشکلات، مراد ہیں؛

(ج) ''چیف ایگزیکٹو'' سے اس ایکٹ کے تحت تقرر کردہ چیف ایگزیکٹو مراد ہے؛

(د) ''دستور'' سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور مراد ہے؛

(ہ) ''کونسل'' سے اس ایکٹ کے تحت تشکیل کردہ کونسل برائے معذور افراد مراد ہے؛

(و) ''معذوری'' سے طویل المدتی جسمانی یا ذہنی حالت جو انسان کی حرکت، حواس یا سرگرمیوں کو محدود کردے، اور اس میں جسمانی، ذہنی، ذہانتی نشوونما کی خرابی یا حسی بگاڑ شامل ہے جو مختلف رکاوٹوں کے ساتھ باہمی تعامل میں ہے جو اس شخص کی کارکردگی میں رکاوٹ بنتا ہے جو اس طرح کے حالات میں مبتلا ہے کہ وہ روزمرہ کی کارکردگی میں اور برابری کی سطح پر دوسرے کے ساتھ باہمی تعامل میں مکمل اور مؤثر طور پر شامل ہو سکے؛

(ز) ''قانونی مساوات'' میں منصفانہ بنیاد پر برابری کا اصول شامل ہے جس میں معذور اشخاص دستور و بین الاقوامی معاہدات جن میں پاکستان فریق ہے میں شامل ہوں گے؛

(ح) ''معذوری کی بنیاد پر تفریق'' کا مطلب کسی معذوری کی بنیاد پر کوئی بھی ایسا امتیاز یا اخراج یا پابندی جس کا مقصد یا اثر تمام انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں سے، سیاسی، اقتصادی، سماجی، ثقافتی، شہری یا کسی دیگر شعبے میں، دوسروں کے ساتھ برابری کی بنیاد پر لطف اندوز ہونے یا اس کے استعمال میں اس کی ہیجان کو ختم کرنا یا کالعدم کرنا۔ ان میں موزوں رہائش گاہ سے انکار سمیت تفریق کی تمام اشکال شامل ہیں؛

(ط) ''نقل و حرکت کی آزادی'' کا وہی مفہوم ہوگا جیسا کہ دستور کے آرٹیکل ۱۵ میں بیان کیا گیا ہے؛

(ی) ''آزادانہ بود و باش'' سے روزمرہ زندگی میں آزادی، ضبط نفس، انتخاب اور حق خود ارادیت کے ماحول میں رہنا مراد ہے؛

(ک) ''حرکت پذیری'' سے معذور اشخاص کے لئے ممکنہ آزادی مع معیاری حرکت پذیر اعانتوں، آلات، امدادی ٹیکنالوجیز اور معاونتی اشکال اور وسط کے ساتھ قابل استطاعت صورت میں دستیاب بناتے ہوئے انہیں شامل کرنا مراد ہے؛

(ل) ''موزوں گنجائش'' سے مراد معذور افراد کو تمام انسانی حقوق اور بنیادی آزادی سے دیگر لوگوں کے ساتھ برابری کی بنیاد پر لطف اندوز ہونے یا ان کے استعمال کا یقین دلانے کے لئے، خاص طور پر جہاں ضروری ہو، غیر متناسب یا بے جا وزن ڈالے بغیر ضروری اور موزوں

تبدیلی یا ردوبدل کرنا ہے؛

(م) ''بداطواری'' سے وہی مراد ہے جیسا کہ سرکاری ملازمین (استعداد کار و انضباط) قواعد، ۱۹۷۳ء میں بیان کیا گیا ہے۔

حصہ دوم

معذور اشخاص کے حقوق

۳۔ معذور اشخاص کے حقوق۔ (۱) حکومت اس کو یقینی بنائے گی کہ ہر معذور شخص کا حق ہے کہ اس کے انفرادی وقار کا احترام کیا جائے اور تعلیمی، سماجی، معاشی، ثقافتی اور دیگر معاشرتی سرگرمیوں میں بلاتفریق حصہ لینے کے مساویانہ مواقع کے ساتھ بہترین زندگی گزار سکے۔

(۲) کوئی بھی شخص یا ادارہ، خواہ سرکاری ہو یا نجی، معذور اشخاص کے خلاف تفریق یا اُن کے حقوق سے انحراف یا کسی بھی طور پر اُن کے مفادات کو نہ روک سکے گا۔

(۳) حکومت تمام ضروری قانونی و انتظامی اقدامات اٹھائے گی جس میں موجودہ قوانین میں مناسب تبدیلیاں لانا شامل ہے، تاکہ اس کو یقینی بنایا جاسکے کہ معذور اشخاص اپنی زندگی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، جس میں برابری کے حقوق شامل ہیں جن کی دستور میں ضمانت فراہم کی گئی ہے اور یہ کہ مذکورہ شخص کی معذوری کو کوئی بھی شخص یا ادارہ اس کے حقوق سے لطف اندوز ہونے میں مانع نہ ہوگا یا روک نہ سکے گا تاوقتیکہ کوئی معقول وجہ نہ ہو کہ اگر اس شخص کو نہ روکا گیا تو اسے ایضاء پہنچ سکتا ہے یا اسے کچھ کرنے کی اجازت دینا اُس کی جسمانی یا ذہنی استعداد سے باہر ہو سکتا ہے۔

(۴) معذور افراد کی آزادانہ زندگی گزارنے کے لئے کمائی کے ذرائع تک ممنوعہ رسائی کے نقطہ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے حکومت غیر معمولی اقدامات اٹھائے گی تاکہ موزوں تعلیم، ہنرمندی، تربیت اور سرکاری محکموں اور نجی شعبوں کے اداروں میں ان کے تعین کردہ کوٹہ کی مطابقت میں مناسب آسامیوں پر تعیناتی کے ذریعے معاشرے میں ان کی مؤثر شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔

(۵) معذور شخص کو اس کی مرضی یا بغیر رضامندی کے کسی دباؤ کے تحت موضوع تحقیق نہیں بنایا جائے گا اور مذکورہ تحقیق قابل رسائی طریقہ عمل، ذرائع اور رابطے کی ترتیب کے استعمال کے ذریعے ہوگی۔

۴۔ **قانون کے سامنے برابر تسلیم کرنا۔** (۱) حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ معذور افراد سے غیر معذور افراد کی طرح مساویانہ سلوک ہو اور اپنے حقوق کے استعمال میں ان کے ساتھ کوئی تفریق نہ برتی جائے۔

(۲) اس کو یقینی بنایا جائے گا کہ مذکورہ اشخاص کو قانونی حیثیت حاصل ہو کہ وہ زندگی سے لطف اندوز ہوں اور اگر انہیں قانونی حیثیت کے استعمال میں مدد کی ضرورت ہو تو مذکور مدد اُن کو بلا معاوضہ فراہم کی جائے۔

۵۔ **حقوق خلوت۔** (۱) ہر ایک معذور شخص کو خلوت کا حق حاصل ہوگا جیسا کہ تمام دیگر شہریوں کو دستیاب ہے بلا لحاظ اس کے کہ وہ نجی گھروں، بحالی مراکز، ہاسٹل یا کسی بھی نجی یا سرکاری رہائش گاہ میں رہائش پذیر ہوں۔

(۲) کسی بھی معذوری کے شکار شخص کو بلا لحاظ اس کی جائے رہائش یا رہائشی انتظامات کے اس کی شخصی، خاندانی، گھریلو، رابطے یا خط و کتابت کی خلوت کو کسی ثالثی یا غیر قانونی مداخلت کے تابع نہ رکھا جائے گا، مذکورہ اشخاص کو کسی بھی غیر قانونی مداخلت کے خلاف اور اس کی شخصی، خاندانی، جائیداد اور شہرت کے خلاف حملے سے اُسے قانونی تحفظ کا حق حاصل ہوگا۔

۶۔ **معذور خواتین، بچے اور بزرگ لوگ اور مخنث۔** (۱) معذوری کی شکار خواتین، بچوں اور معمر شہریوں کی غیر معمولی حالت زار کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت خصوصی اقدامات اٹھائے گی تا کہ مذکورہ خواتین، بچوں اور بزرگ لوگوں کو قانون کے تحت اپنے حقوق سے لطف اندوز ہونے کے لئے مکمل تحفظ کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔

(۲) حکومت معذوری کے شکار خواتین، بچوں اور معمر شہریوں کی ترقی، بہتری اور انہیں بااختیار کرنے کو یقینی بنانے کے لئے بھی ضروری اقدامات اٹھائے گی۔

۷۔ **رسائی اور حرکت پذیری کی سہولت۔** (۱) حکومت معذوری کے شکار افراد کی عوامی عمارات، ہسپتالوں، تفریحی سہولیات، سرکاری ٹرانسپورٹ، گلیوں اور شاہراہوں پر رسائی کی اجازت دینے کے لئے پرانی عمارات اور گاڑیوں کو مناسب طور سے قدرے ترمیم کیا جائے گا اور نئی عمارات اور گاڑیوں کو کونسل کی جانب سے تیار کردہ موزوں معیارات کی پیروی میں اور مروجہ رہنما اصولوں کے مطابق تیار کرنے کے لئے تیار ضروری اقدامات اٹھائے گی۔

(۲) کونسل خدمات سے متعلق عمارات، شاہراہوں، ذرائع نقل و حمل، ہاؤسنگ، ہسپتال، سکولوں، مقام کار، رابطے اور معلومات تک رسائی میں آنے والی رکاوٹوں اور مزاحمتوں کے لئے رہنما اصول تیار کرے گی۔

(۳) کونسل کم از کم معیار اور رسائی کی وسعت اور اس سے متعلقہ سائن بورڈ مقرر کرے گی، تا کہ ہر ایک محکمہ، اتھارٹی، ہئیت اور بڑے تجارتی اداروں میں معذور اشخاص کو ان کے مقام پر رکھنے کی لازم رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

(۴) حکومت ایسی پالیسیاں اور پروگرامز کو لاگو کرے گی تا کہ معذور اشخاص کی تغیر پذیری کو قابل برداشت خرچ پر یقینی بنایا جا سکے۔

(۵) حکومت نقل و حمل کے تمام ذرائع میں معذور اشخاص کے لئے خصوصی نشستوں کو یقینی بنائے گی اور معذور اشخاص کے لئے تمام عوامی مقامات پر پارکنگ کی خصوصی جگہیں الاٹ کرے گی۔

(۶) کونسل معذور اشخاص کو ذرائع ابلاغ کی تمام اقسام تک رسائی کے لئے مکمل اور مناسب اجازت دے گی جس میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، میں بولنے کی آزادی اور معلومات کی آزادی شامل ہے۔ قومی نشر مکرر کا نظام قائم کیا جائے گا تا کہ پورے ملک میں قابل فہم معیاری میکنزم قائم کیا جا سکے۔

۸۔ توہین آمیز، پُر تشدد اور متعصب طرز عمل سے تحفظ۔ (۱) حکومت معذور اشخاص کو کسی شخص، ادارے یا اتھارٹی کے ہاتھوں توہین آمیزی، تشدد اور استحصال کی تمام اقسام سے تحفظ فراہم کرنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

(۲) جب بھی کسی معذور شخص کے خلاف بدسلوکی، تشدد اور ناروا سلوک کا ارتکاب کیا جائے گا اور اس فعل کی معلومات کونسل یا قانون نافذ کرنے والی ایجنسی کو دی جائیں گی، تو متعلقہ ایجنسی مذکورہ معلومات کی وصولی پر مذکورہ فعل کی تفتیش کرنے کے لئے فی الفور ضروری کارروائی کرے گی اور اسے اکھاڑ پھینکے گی اور بدسلوکی، تشدد یا ناروا سلوک سے متاثرہ کو محفوظ مقام پر تحفظ شدہ رہائش میں منتقل کرے گی اور قانون کے تحت مناسب اقدامات اٹھائے گی، ایسی حالت میں مذکورہ متاثرہ شخص کو محفوظ مقام پر رکھنے کے لئے کوئی خرچ وصول نہیں کیا جائے گا۔

(۳) فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانونی احکامات کے باوصف، کسی معذور شخص کے خلاف جسمانی تشدد حتیٰ کہ جو اسے زخم خفیف کا باعث بنے اسے زخم شدید تصور کیا جائے گا اور اسے مجموعہ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) کی دفعہ ۳۳۵ کے تحت تشدد کا فعل سمجھا جائے گا اور بحسبہ سزا کا مستوجب ہوگا۔ دیگر شدید تر بدسلوکی اور تشدد کی حالت کو بھی غیر معذور شخص کے معاملے کی نسبت سنجیدہ ترین متصور کیا جائے گا۔

(۴) قانونی مدد کے معاملے میں، مذکورہ مدد اس متاثرہ شخص کو سرکاری خرچ پر یا اس کے وقوعہ کا تدارک کر کے، جیسی بھی صورت ہو، یا ایسا حکم جاری کر کے، جو کہ مذکورہ معذور شخص کے تحفظ کے لئے، موزوں متصور کیا جاتا ہو قابل دستیاب بنائی جائے گی۔

۹۔ **تعلیمی نصفت۔** (۱) حکومت معذور اشخاص کو تعلیمی اداروں تک رسائی کے برابر حقوق فراہم کرنے کے لئے تمام ضروری اقدامات اٹھانا یقینی بنائے گی اور بلاتفریق اُن کے لئے موزوں تعلیمی سہولیات فراہم کرے گی۔

(۲) حکومت معذور اشخاص کو بلا معاوضہ قبل از ابتداء اور ثانوی تعلیم فراہم کرے گی۔

(۳) حکومت درمیانے اور شدید معذوری کے شکار اشخاص کے لئے خصوصی تعلیم کے اداروں کے قیام کے لئے ضروری اقدامات اٹھائے گی، جو اُن کی خصوصی ضروریات مہیا کرتے ہوں، مزید برآں دیگر تعلیمی اداروں کو معقول طور پر لیس کرنا اور عملہ مہیا کیا جائے گا تا کہ تعلیم کے لئے خصوصی سہولیات فراہم کی جائیں۔

(۴) معذور اشخاص کو ان کی معذوری کے سبب کسی بھی تعلیمی ادارے، میں داخلے سے انکار نہیں کیا جائے گا، خواہ وہ سرکاری یا نجی ملکیتی ہو۔

(۵) کسی بھی ادارے اور اس کے عملہ کے اراکین کے لئے غیر قانونی ہوگا کہ وہ کسی بھی معذور شخص کے خلاف اس کی تعلیم کی جگہ پر امتیاز برتیں یا اس کی توہین کریں یا علاوہ ازیں اس کے حقوق کی خلاف ورزی کریں جس کے لئے اس ادارے اور اُس مذکورہ خلاف ورزی کرنے والے دونوں کو سزا دی جائے گی۔

(۶) حکومت اس کو یقینی بنائے گی کہ معذوری کے شکار افراد کے لئے تعلیم کو مخصوص کرے کہ وہ ان کی ذات، ترقی، تخلیقی صلاحیت اور اس کی جسمانی اور ذہنی صلاحیتوں کو تقویت پہنچانے پر مرکوز ہو۔

(۷) تعلیمی اداروں میں جہاں قابل اطلاق ہو معذور اشخاص کو مناسب اور موزوں رہائش فراہم کی جائے گی۔

(۸) حکومت اساتذہ کی تربیت کے لئے مناسب وقف کردہ اور عمومی سہولیات قائم کرے گی اس نظریہ کے ساتھ تا کہ مناسب تعداد میں خصوصی طور پر تربیت یافتہ اساتذہ کو تربیت دی جا سکے جو کہ ہنر سے لیس ہوں تا کہ مختلف معذوریوں کے شکار طلبہ کو تدریس ہو سکے۔

(۹) حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ تمام معذور اشخاص کے لیے تعلیم کے تمام طریقہ کار اور ذرائع تک مکمل رسائی کو یقینی بنایا جائے مگر یہ صرف پیشہ وارانہ تربیت، آن لائن تعلیم، فاصلاتی تدریس اور تعلیم بالغاں تک محدود نہ ہو۔

۱۰۔ **ملازمت میں نصفت۔** (۱) کوئی شخص، ادارہ، تنظیم یا ہیئت، خواہ سرکاری ہو یا نجی، کسی شخص کے خلاف اس کی معذوری کے سبب اس کی ملازمت، ترقی، مستقبل کے فروغ یا ملازمت کے فوائد سے لطف اندوز ہونے میں تفریق نہیں برتے گا۔

(۲) آجر معقول رہائش کی فراہمی کو یقینی بنائے گا بشمول ضروری معاونتی آلہ اور آلات جو کہ معذور شخص کو اپنے فرائض کی بجا آوری میں واجبی طور پر ضرورت پڑتے ہیں۔

(۳) حکومت معذور اشخاص کے لئے مختلف سطحوں پر حکومتی اداروں، ہیئتوں اور کارپوریٹ ہیئتوں میں جو حکومتی ملکیتی ہوں یا جنہیں حکومت چلا رہی ہو میں ملازمتی کوٹہ مختص کرے گی جیسا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے مقرر کیا گیا ہو جس پر مقررہ وقفوں سے نظر ثانی کی جائے گی اور متعلقہ محکمے مختص کوٹے کا اطلاق کریں گے۔

(۴) حکومت نجی انٹر پرائزز کی بھی ترغیبات کے ذریعے حوصلہ افزائی کرنے کے لئے اقدامات کرے گی کہ معذور اشخاص کو ملازمت فراہم کریں جس کے لئے حکومت طویل المدتی شمولیتی پروگرام تیار کرے گی اور ان کے لئے ضروری ذرائع فراہم کرے گی۔

(۵) ملازمت کے لئے معذور اشخاص کو پیش کردہ قیود و شرائط کسی طور سے بھی ویسی یا اُسی طرح کی اسامیوں پر تقرر کئے جانے والے اشخاص سے کم موافق نہ ہوں گی۔

(۶) ادارہ جو معذور اشخاص کو ملازمت فراہم نہیں کرتا جیسا کہ دفعہ (۳) متقاضی ہے تو وہ فنڈ میں ہر ماہ اس مجموعی رقم سے دوگنا جمع کروائے گا جیسا کہ اسے معذور شخص کی تنخواہ یا مزدوری کے طور پر ادا کرنی پڑتی، عدم ادائیگی یا عدم تعمیل کی صورت میں، کونسل کی جانب سے معاملے کو اس غرض کے لئے قائم کردہ ثالثی کونسل کے روبرو رکھا جائے گا۔

۱۱۔ صحت اور طبی بحالی کی خدمات میں نصفت۔ (۱) حکومت معذور افراد کی سرکاری صحت کی خدمات کے انفراسٹکچر تک اور مذکورہ اشخاص کی بلا معاوضہ رسائی کو یقینی بنائے گی۔

(۲) کونسل ایسے منصوبے بنائے گی کہ معذور افراد کو خصوصی بیمہ صحت کی فراہمی کی جا سکے تا کہ مذکورہ اشخاص کو مفت طبی کوریج حاصل ہو سکے۔

(۳) حکومت مناسب ترغیبات کے ذریعے تا کہ معذور اشخاص کو معیاری صحت کی خدمات قابل برداشت نرخ پر فراہم کی جا سکیں۔

(۴) معذوری کی ابتدائی شناخت اور روکنے کے لئے اور معذوری کے تدارک کے لئے تیار کردہ خصوصی خدمات صحت لاگو ہوں گی۔

(۵) حکومت طبی اور سائنسی کمیونٹی کی مدد سے مختلف معذوریوں کی وجوہات کی جانچ کے لئے تحقیق کرنے

اورعوام میں اس سے آگہی پیدا کرنے کی کوششوں کے لئے طریقہ کار کو اختیار کرنے کے لئے اقدامات کرے گی جو کہ معذوری کو ہونے سے روک سکے۔

(۶) معذور اشخاص کے تناظر میں کمیونٹی سطح پر، کمیونٹی پر مبنی بحالی اور تحقیقاتی اقدامات کو فروغ دینے، مدد فراہم کرنے اور عملدرآمد کرنے کے لئے حکومت اقدامات اٹھائے گی۔

۱۲۔ **کمیونٹی میں آزادانہ طور پر رہنے کا حق۔** (۱) معذور اشخاص کو کمیونٹی میں آزادانہ طور پر رہنے کا مساوی حق حاصل ہوگا۔ ایسے اشخاص کو آزادانہ طور پر رہنے کے قابل بنانے کے لئے، حکومت کی جانب سے بلا امتیاز تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

(۲) حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ضروری انسدادی اقدامات کرے کہ معذور اشخاص کو ان کی معذوری کی بنیاد پر کمیونٹی سے نہ نکالا جائے اور نہ ہی علیحدہ کیا جائے اور یہ کہ گروہی سہولیات اور خدمات تک ان کی رسائی بلا رکاوٹ رہے۔

(۳) حکومت معذور اشخاص کو اس لائق بنانے کے لئے ضروری اقدامات اٹھائے گی کہ اندرونی، رہائشی اور دیگر کمیونٹی تعاون کی خدمات بشمول ذاتی تعاون کی خدمات جو کمیونٹی میں رہنے اور شامل کرنے کے لئے مدد فراہم کریں، کے دائرہ کار تک انہیں رسائی حاصل ہو۔

۱۳۔ **رہنے کا حق۔** (۱) ہر معذور شخص کو، اپنی پسندیدہ معتبر جگہ پر رہنے کا حق حاصل ہوگا اور کسی فرد کو معذور شخص کے خلاف اس طریق پر امتیاز حاصل نہ ہوگا کہ معذور شخص ہونے کی بناء پر اُسے رہنے کی جگہ کو کرایہ پر دینے یا فروختگی سے انکار کرے۔

(۲) حکومتی ملکیتی، سرپرستی، تعاون کردہ منصوبوں اور نجی ہاؤسنگ اسکیموں میں بھی حکومت معذور اشخاص کے لئے منصفانہ اور قابل گنجائش گھروں کے لئے حکمت عملی تشکیل دے گی۔ نئی ہاؤسنگ اسکیم اور منصوبوں کی تشکیل کی توثیق کرنے والی اتھارٹیز اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ قابل گنجائش ہاؤسنگ یونٹ کی مناسب تعداد ایسی ہر اسکیم یا منصوبہ میں شامل ہو۔

(۳) معذور اشخاص جو رہائشی جگہ نہ رکھتے ہوں اور جن کو معقول عارضی پناہ گاہ درکار ہو، ان کے لئے

حکومت معقول گھریلو سہولیات کا انعقاد اور دیکھ بھال کر سکے گی۔ وفاقی دارالحکومت، سول سوسائٹی کی تنظیموں اور وسیع سوسائٹی کی اتھارٹی کے تعاون سے، ایسے اشخاص کی عبوری پناہ گاہ کے انتظام میں کونسل مدد فراہم کرے گی۔

۱۴۔ گھر اور خاندان میں رہنے کا حق۔ (۱) کسی بھی معذور شخص بالخصوص بچوں یا نوجوان یا بزرگ شہری کو معذوری کی بنیاد پر اس کے خاندان سے الگ نہیں کیا جائے گا بجز اس کے کہ کوئی قانونی عدالت اس کے حق میں بہتری کے لئے علیحدہ رکھنا مناسب سمجھے۔

(۲) جہاں کہیں فرد بالخصوص معذور بچے کا قریبی خاندان اس کی معذوری کے باعث دیکھ بھال کرنے سے قاصر ہو، عدالت کوشش کریگی کہ ایسے فرد کی محفوظ رہائش کے لئے مناسب جگہ کا انتظام کرے گی۔

(۳) تمام معذور اشخاص کو حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنی پسند کے شخص سے شادی کریں اور بلا امتیاز اپنا خاندان بڑھائیں۔

(۴) معذور شخص کو کسی بھی طبی طریقہ کار کے تحت بانجھ نہیں کیا جائے گا اور جبری بانجھ بنانا ناقابل مصالحت جرم ہوگا۔

(۵) حکومت تولیدی صحت سے متعلق خاص طور پر معذور خواتین کو مفت خدمات فراہم کرے گی۔

۱۵۔ اظہار خیال کی آزادی اور معلومات۔ (۱) حکومت یقینی بنائے گی کہ معذور اشخاص کو تقریر کی آزادی، اظہار خیال اور معلومات کے حق سے متعلق تمام اور مساویانہ حقوق حاصل ہوں اور انہیں ایسے حقوق سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کرے گی۔

(۲) کونسل معذور اشخاص اور ان کی تنظیموں کی آواز حکومتوں، سول سوسائٹی اور بین الاقوامی برادری تک پہنچانے کے لیے ضروری اقدامات کرے گی۔

(۳) کونسل خدمت عامہ کے پیغامات کے ذریعے سے معذور اشخاص کے حقوق پر آگاہی کو فروغ دینے کے لیے اور معذوریوں کی تمام اشکال پر مشتمل پروگرام کرنے کے لیے ریاستی اور نجی چلنے والے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کی حوصلہ افزائی کرے گی۔

(۴) حکومت معذور اشخاص کے لیے وقف شدہ اشاعت کی بابت اشتہارات فراہم کر سکے گی۔

(۵) حکومت یقینی بنائے گی کہ پاکستانی ویب سائٹ سروس کے فراہم کنندگان کی جانب سے متعارف کردہ تمام ویب سائیٹس معذور اشخاص کے لیے قابل رسائی ہوں۔

۱۶۔ **سیاسی شرکت کا حق۔** (۱) معذور اشخاص کو ملک میں سیاسی سرگرمی میں شرکت کرنے کا مکمل حق حاصل ہوگا اس میں ووٹ کا حق استعمال کرنے کا اور منتخبہ ادارے میں منتخب ہونے کا حق شامل ہے۔

(۲) الیکشن کمیشن پاکستان یقینی بنائے گا کہ ہر پولنگ اسٹیشن معذور اشخاص کے لیے قابل رسائی ہو اور ان کے لیے ضروری اقدامات کرے گا تا کہ راز داری سے اور بلا کسی بھی مشکل کے اپنا ووٹ دے سکیں۔ معذور شخص کی جانب سے ووٹ کے حق کے استعمال میں کسی بھی شخص کی جانب سے کوئی بھی فعل جو رکاوٹ کا باعث ہو جبراً مزاحمت کے طور پر متصور کیا جائے گا جیسا کہ انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) میں بیان کیا گیا ہے اور بحسبہ مقدمہ چلایا جائے گا اور سزا دی جائے گی۔

(۳) کونسل، الیکشن کمیشن پاکستان کی مدد سے، معذور اشخاص کے معاملات اور مسائل پر سیاسی جماعتوں کی تربیت کرے گی۔

(۴) الیکشن کمیشن پاکستان کو معذور اشخاص کے لیے ووٹر کی دسترس پذیری میکانزم جیسے کہ بریل ووٹنگ پیپر (اُبھرے ہوئے الفاظ کا پرچہ رائے دہی) وغیرہ بنانے کا حکم دیا جائے گا۔

۱۷۔ **انصاف تک رسائی۔** (۱) حکومت یقینی بنائے گی کہ معذور اشخاص کو نظام انصاف تک رسائی دینے کے لیے معاونت کے ساتھ بشمول اشارے کی زبان کے ترجمان اور خدمات گاران فراہم کیے جائیں۔

۱۸۔ **اپنی جائیداد رکھنے کا حق۔** (۱) معذور اشخاص کو جائیداد خریدنے، فروخت کرنے اور وراثت حاصل کرنے کے حق سے انکار نہیں کیا جائے گا۔

۱۹۔ **کھیلوں، ثقافتی اور تفریحی سرگرمیوں میں شرکت۔** (۱) حکومت یقینی بنائے گی کہ کسی شخص کے خلاف اس کی معذوری کی بناء پر کسی بھی کھیل، گیمز، ثقافتی اور تفریحی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کی بابت امتیاز نہیں برتا جائے گا۔ کھیلوں، ثقافتی، تفریحی اور فراغت کی سرگرمیوں میں ان کی شمولیت کے لیے مددگار پرزہ جات، آلہ اور جدید ٹیکنالوجی دستیاب کی جائے گی۔ کھیلوں کے بورڈ میں معذور اشخاص کے لیے ایک نشست یقینی بنائی جائے گی اور حکومت پیرا اولمپکس اور خصوصی اولمپکس اسپورٹس ایسوسی ایشن کی نگرانی کے میکانزم کے سلسلے کو یقینی بنائے گی۔

(۲) معذور اشخاص کو ثقافتی مواد، پروگراموں اور سرگرمیوں تک رسائی قابل دسترس اور مناسب اشکال میں فراہم کی جائیں گی۔

(۳) ایسے معذور اشخاص کو میڈیا پروگراموں، فلموں، تھیٹروں، پارکوں، اسٹیڈیمز، کھیل کے میدانوں، ساحلوں اور فراغت، تفریح، کھیلوں اور ثقافتی سرگرمیوں کے دیگر مقامات تک بلا رکاوٹ اور بلا امتیاز رسائی فراہم کی جائے گی۔

(۴) حکومت سراغ رسانی، فنون لطیفہ کے مدارج، بیرون خانہ خیمہ گاہوں، شکار کرنے، سیاحتی اور مہم جو سرگرمیوں میں معذور اشخاص کی شرکت کرنے کی بابت سہولت دے گی اور ان کی فن کارانہ، تخلیقی اور ذہنی صلاحیتوں کو تشکیل دینے اور اسے استعمال کرنے میں بھی مدد کرے گی۔

۲۰۔ خطرے اور آفت کی صورت حال میں معذور اشخاص کا تحفظ۔ (۱) تمام معذور اشخاص کو خطرے اور قدرتی آفت کے حالات میں مناسب بچاؤ اور تحفظ فراہم کرنے میں اولین ترجیح دی جائے گی اور ایسے علاقوں سے فوری طور پر ہٹایا جائے گا اور ترجیحی بنیاد پر محفوظ مقام پر منتقل کیا جائے گا۔

(۲) مسلح تصادم کے حالات میں، پولیس، سول مسلح افواج اور مسلح افواج ایسے اشخاص کے لیے بچاؤ، تحفظ اور ان کی منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے ترجیحی بنیاد پر مناسب اقدامات کرے گی۔

(۳) مسلح تصادم، انسانی فلاح بہبود کے ہنگامی حالات یا قدرتی آفت کی کسی بھی صورت حال کے بعد تعمیر نو کی سرگرمی میں مصروف تمام حکام (اتھارٹیز) یقینی بنائیں گی کہ معذور اشخاص کو ان اداروں، گھروں کی تعمیر نو میں اور دیگر سہولیات اور بحالی کی خدمات میں ترجیح دی جائے گی۔

(۴) کونسل تحفظ اور حفاظت سے منتقلی کے لیے انتظامات قدرتی آفات اتھارٹیز کے ساتھ قریبی رابطہ رکھے گی اور ایسی صورت حال میں پائے گئے ایسے اشخاص کا ریکارڈ رکھے گی اور ان کی جلد بحالی یقینی بنائے گی۔

(۵) معذور اشخاص کی ضروریات اور معاملات کو آفت کے خطرے کی تخفیف میں شامل کیا جانا چاہیے۔

حصہ سوم

انتظامی اختیارات

۲۱۔ قومی کونسل برائے بحالی معذور اشخاص کی ازسرِنو تشکیل اور مضبوط بنانا۔ (۱) معذور اشخاص (ملازمت اور بحالی) آرڈیننس، ۱۹۸۱ء (نمبر ۴۰ مجریہ ۱۹۸۱ء) کے تحت تشکیل کردہ قومی کونسل برائے معذور اشخاص کی بحالی معذور اشخاص کے حقوق پر کونسل کے طور پر ازسرِنو تشکیل شدہ سمجھی جائے گی اور حسبِ ذیل پر مشتمل ہوگی۔۔۔

(الف)	متعلقہ وزیر برائے انسانی حقوق	چیئرپرسن
(ب)	متعلقہ سیکرٹری برائے انسانی حقوق	وائس چیئرپرسن
(ج)	معذور شخص	ڈپٹی چیئرپرسن
(د)	ایک نمائندہ جو خصوصی تعلیم کے متعلقہ جوائنٹ سیکریٹری کے عہدہ سے کم نہ ہو۔	اراکین
(ہ)	صوبائی کونسل برائے بحالی معذور اشخاص یا متعلقہ ہیئت یا محکمہ یا تنظیم کے سربراہان یا چیئرپرسن	رکن
(و)	متعلقہ وزارتِ انسانی حقوق کا ڈائریکٹر جنرل یا اُس کی عدم موجودگی میں جوائنٹ سیکریٹری	رکن

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی شق (و) میں رکن کونسل کے سیکرٹری کے طور پر بھی کام کرے گا۔

(۳) کونسل دوامی حق جانشینی اور مہر عام کی حامل ہیئت جسدیہ ہوگی جسے منقولہ اور غیر منقولہ دونوں، جائیداد حاصل کرنے، فروخت کرنے اور قبضہ میں رکھنے کا اختیار حاصل ہوگا اور اس کے نام سے مقدمہ دائر ہوگا اور اس پر مقدمہ دائر کیا جا سکے گا۔

(۴) کونسل کی نمائندگی کرنے والے سرکاری عہدیداران بربنائے عہدہ کی بنیاد پر اپنی رکنیت پر فائز ہوں گے۔ حکومت کی جانب سے نجی اراکین کا تقرر کیا جائے گا جو ایک سال کی مدت کے لیے عہدہ پر فائز ہوں گے اور ایک سال کی اضافی مدت کے لیے دوبارہ تقرری کے اہل ہوں گے۔

۲۲۔ کونسل کے کارہائے منصبی۔ (۱) کونسل پر اس ایکٹ کی اغراض کے حصول کے لیے اور نفاذ کی بابت اور قانونی وادارہ جاتی ڈھانچے کو فروغ دینے میں حکومت کی معاونت کرنے کی ذمہ داری عائد ہوگی۔

(۲) کونسل اس ایکٹ کو نافذ کرنے، قانونی اور معاشرتی ماحول کو فروغ دینے اور معذور اشخاص کی مدد کرنے کے لیے ایگزیکٹو اتھارٹی ہوگی تا کہ انہیں بنیادی حقوق سے استفادہ حاصل کرنے میں قانونی تحفظ دیا جا سکے۔

(۳) کونسل، دیگر اتھارٹیز اور اشخاص کی مدد سے، معذور اشخاص کو امتیاز، استحصال، تشدد، غیر انسانی اور تذلیل آمیز سلوک جو کسی کے بھی ہاتھوں سے ہو بشمول ان کے خاندان اور نگہداشت کرنے والوں سے تحفظ دینے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرے گی۔

(۴) کونسل اپنی حدود میں مناسب قانونی اور اداراتی ڈھانچوں کو فروغ دینے میں صوبائی قانون ساز اداروں اور حکومتوں کے مختلف اداروں کو تکنیکی معاونت کی فراہمی کے ذریعے سے صوبائی اور زیریں انتظامی سطح پر متعلقہ کنونشنز کے اصولوں کی باہم مل کر تعمیل کرے گی اور تحفظ کے مقصد کو حاصل کرنے اور حقوق کے نفاذ کے لیے انہیں وضع کرے گی۔

(۵) کونسل قومی سطح پر قوانین اور پالیسیوں کی اثر اندازی کو جانچے گی اور قوانین اور پالیسیوں کی تعمیل کا جائزہ لے گی اور حکومت کو پالیسیوں، قوانین اور طریقہ ہائے کار میں مطلوبہ کسی بھی تبدیلیوں کی سفارش کرے گی۔

(۶) کونسل معذور اشخاص کی حیثیت اور ان کے حقوق کے فروغ اور تحفظ سے متعلقہ معاملات پر تحقیق کرے گی اور تحقیق کرنے کا باعث ہوگی۔

(۷) کونسل حکومت میں مختلف محکموں اور تنظیموں کی کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کرنے کے لیے اداراتی میکانزم کا ادخال کرے گی اور ہر تین سال میں کم از کم ایک دفعہ ہر ایسی ہیئت اور تنظیم کو کارکردگی کا اسکور کارڈ جاری کرے گی۔ اسی طرح، کونسل نجی ہیئتوں کے لیے اسکور کارڈ مرتب کرے گی اور اسے برقرار رکھے گی تا کہ اس کی تشخیص کی جا سکے اور اسے جانچا جا سکے۔ ایسی کارکردگی کا آڈٹ فریق ثالث پیشہ وروں اور کونسل کے ملازمین کی جانب سے انجام دیا جائے گا۔

(۸) کونسل ملک میں قانونی اور معاشرتی ماحول پیدا کرنے میں اپنی ذاتی کارکردگی کا جائزہ لے گی اور ہر تقویمی سال کے آخر پر سالانہ حیثیت میں رپورٹ جاری کرے گی۔

(۹) کونسل نجی اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی سرگرمیوں میں نظم وضبط رکھنے کی ذمہ دار ہوگی یہ یقینی بنائے گی کہ سروس کے مطلوبہ معیارات کو برقرار رکھا گیا ہے۔ کونسل ایسی تنظیموں کے کارہائے منصبی کو مؤثر، کارگر اور شفاف بنانے کے لیے اداراتی میکانزم نافذ کر سکے گی اور تنظیموں پر پابندیاں عائد کر سکے گی جو اس کی جانب سے مرتب کردہ ظاہری معیار کو پورا نہ کرتے ہوں۔

(۱۰) کونسل کو معذور اشخاص کے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی انفرادی اور اجتماعی شکایات کا ازالہ کرنے کے اختیارات حاصل ہوں گے۔

(۱۱) کونسل کو اپنے ذاتی کارگزار اور پیشہ ورانہ کام کرنے کے لیے اور اس ایکٹ کی اغراض کے مؤثر حصول کے لیے ضوابط وضع کرنے کے اختیارات حاصل ہوں گے۔

۲۳۔ معذوری کے شکار افراد کی رجسٹریشن:۔ (۱) کوئی بھی معذور شخص جو ملازم ہونے یا علاوہ ازیں بحالی صحت کا خواہشمند ہو کونسل یا اس کے نامزد کردہ دفتر کی جانب سے، برقرار رکھے گئے رجسٹر میں اپنے نام کو مندرج کروا سکے گا ایسی صورت میں اور ایسے طریقہ کار میں جیسا کہ کونسل صراحت کر سکتی ہے۔

(۲) کونسل، اگر یہ ضروری خیال کرے کہ، معذوری کے شکار ہر ایک شخص کو جو ذیلی دفعہ (۱) کے تحت رجسٹرڈ ہو، اس کی معذوری کی فعالیت کی نوعیت اور اس کے میلان طبع کی بھی اور کام کی نوعیت جس کے کرنے کے لیے وہ موزوں ہے کے لئے اس کے مجاز کردہ طبی افسر کی جانب سے تشخیص کا باعث بنے گی یا، ایسے تشخیصی بورڈ جس کا وہ تقرر کر سکتی ہے جو کم از کم ایک طبی افسر پر مشتمل ہوگا اور طبی افسر یا، جیسی بھی صورت ہو، تشخیصی بورڈ اپنی رپورٹ ایسی صورت میں جیسا کہ کونسل صراحت کرے کونسل کو پیش کرے گا۔

(۳) اگر کونسل معذوری کے شکار فرد کو کام کے لیے موزوں خیال کرتی ہے، تو اسے مطلع کیا جائے گا جس میں کام کی نوعیت کو ظاہر کیا جائے گا جس کے لیے اسے ملازم رکھا جا سکتا ہے یا پیشہ یا حرفہ جس میں کہ اسے تربیت دی جا سکتی ہے، اور رجسٹر میں اس کے نام کے سامنے اندراج کیا جائے گا۔

(۴) اگر کونسل معذوری کے شکار فرد کو کام کے لیے موزوں خیال نہ کرے، تو وہ اس کے لیے حسبہ اندراج سے مطلع کرے گی جو کہ اس کے نام کے سامنے کیا جائے گا، اور کونسل اس کی بحالی کے لیے ایسے اقدامات اٹھائے گی جیسا کہ وہ مناسب خیال کرے۔

(۵) اگر کسی شخص کو کونسل معذور شخص قرار نہیں دیتی تو، اس کا نام رجسٹر سے کاٹ دیا جائے گا۔

۲۴۔ اسٹیبلشمنٹس معذوری کے شکار افراد کو ملازمتیں فراہم کرے گی:۔

(۱) اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے ملازم رکھے گئے اشخاص کی کل تعداد کا کم از کم ایک فیصد ایسے اشخاص ہوں گے جن کے نام کونسل یا اس کے نامزد کردہ علاقائی دفتر جہاں کہ وہ اسٹیبلشمنٹ واقع ہے میں رجسٹر ہوں گے اور دفعہ ۲۳ کے تحت برقرار رکھے گئے رجسٹر میں جن کے ناموں کے برخلاف توثیق موجود ہو کہ وہ کام کرنے کے لیے موزوں ہیں۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی پیروی میں کسی بھی اسامی کے برخلاف ملازم رکھے گئے معذوری کے شکار افراد ان

قیود وشرائط کے حقدار ہوں گے جو ان سے کم موافق نہ ہوں گی جس کے لیے اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے اس طرح کی اسامیوں پر ملازم رکھے گئے اشخاص حقدار ہیں۔

(۳) جب کسی بھی اسٹیبلشمنٹ میں معذوری کے شکار افراد کو ملازمت پر رکھنے کے لیے اسامیوں کی تعداد کی شرح فیصدی شمار کی جائے گی تو ۰.۵ کی کسر کو کل نمبر شمار کیا جائے گا۔

۲۵۔ اسٹیبلشمنٹ فنڈ ادائیگی کرے گا:۔ اسٹیبلشمنٹ جو کسی معذور شخص کو ملازم نہیں رکھے گی جیسا کہ دفعہ ۲۴ متقاضی ہے تو وہ فنڈ میں ہر ماہ اتنی رقم ادا کرے گی جیسا کہ اگر اس نے معذور شخص کو ملازمت پر رکھا ہوتا تو اس کی تنخواہ یا اُجرت میں ادا کرنا پڑتی۔

۲۶۔ کونسل کی تحلیل:۔ اس ایکٹ کے آغاز نفاذ پر، معذور اشخاص (ملازمت و بحالی) آرڈیننس، ۱۹۸۱ء (نمبر ۴۰ مجریہ ۱۹۸۱ء) کے تحت تشکیل کردہ کونسل تحلیل شدہ متصور کی جائے گی اور مذکورہ تحلیل پر۔۔۔

(الف) تمام اثاثہ جات، حقوق، اختیارات، اتھارٹیز اور استحقاقات اور جائیداد، منقولہ وغیر منقولہ، نقدی اور بینک بیلنس، محفوظ فنڈز، سرمایہ کاریاں اور ان میں یا مذکورہ جائیداد میں سے پیدا ہونے والے تمام دیگر انتفاعات اور حقوق اور کونسل کے کسی بھی طرح کے تمام قرضے، وجوب اور ذمہ داریاں جو کہ اس کی تحلیل سے فی الفور قبل موجود تھیں، تو وہ کونسل کو منتقل شدہ اور تفویض شدہ متصور ہوں گی، اور

(ب) کونسل کے تمام مستقل ملازمین کو ناقابل تنسیخ اختیار دیا جائے گا کہ۔۔۔

(اوّل) سول سرونٹس ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) کے تحت سول ملازمین رہیں اور وفاقی حکومت کی تمام مراعات اور سہولیات کے حقدار رہیں جیسا کہ پنشن، گریجویٹی، ہاؤسنگ اور صحت؛ یا

(دوم) ہر عرض کے لیے سول ملازمت کو ختم کر دیں اور ایسی مراعات، الاؤنسز اور دیگر قیود وشرائط ملازمت کے حقدار ہوں گے جیسا کہ کونسل کے ملازمین پر لاگو ہوں گی۔

۲۷۔ حکومتی اتھارٹیز اور دیگر اشخاص کونسل کی معاونت کریں گے۔ (۱) حکومت کے تمام عہدیداران معذور اشخاص کے حقوق کو تحفظ دینے کے لیے اس ایکٹ اور دیگر قوانین کے نفاذ کو یقینی بنانے میں

کونسل سے مکمل اور موثر اشتراک عمل کو توسیع دیں گے۔

(۲) کوئی بھی حکومتی عہدے دار شخص جو کونسل کے ساتھ موثر طور پر تعاون نہ کر رہا ہو تو غلط روی کا مرتکب متصور ہوگا اور اس کے خلاف بحسبہ کارروائی کی جائے گی۔

۲۸۔ بحالی کے لیے فنڈز۔ (۱) حکومت معذور اشخاص کا معاشرے میں تحفظ اور شمولیت کے مؤثر حقوق کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ مالیاتی منصوبوں اور سرگرمیوں میں توازن برقرار رکھنے کے لیے ایک وقفِ سرمایہ قائم کرے گی۔

(۲) قائم شدہ فنڈ (ICT) معذوری فنڈ کے نام سے موسوم ہوگا جس کا انتظام کونسل کی جانب سے کیا جائے گا۔

(۳) فنڈ کے ذرائع حسبِ ذیل ہوں گے، یعنی:۔

(الف) وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے امداد؛

(ب) بین الاقوامی تنظیموں، حکومتوں اور دیگر ایسی جماعتوں سے امداد؛

(ج) عائد کردہ چندے اور دیگر چارجز جو کہ حکومت بحالی کے لیے عائد کرتی ہو؛

(د) اس ایکٹ کے تحت ہرجانے اور جرمانے؛

(ہ) نجی اشخاص کی جانب سے عطیات اور ہبہ جات؛ اور

(و) کوئی بھی دیگر ذرائع۔

(۴) معذور اشخاص (ملازمت و بحالی) آرڈیننس، ۱۹۸۱ء کے تحت قائم کردہ فنڈ، تمام رقوم اور زر کے ہمراہ ذیلی دفعہ (۲) کے تحت قائم کردہ فنڈ میں منتقل شدہ سمجھا جائے گا۔

۲۹۔ عوامی آگاہی پیدا کرنا۔ (۱) کونسل معذور اشخاص اور ان کے حقوق کو مکمل طور پر تسلیم کرنے اور ان کا احترام کرنے کے سلسلے میں معاشرے کے مابین آگاہی پیدا کرنے کے لیے فوری، مناسب اور نتیجہ خیز اقدامات کرے گی۔

(۲) کونسل وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو تعلیمی نصاب میں معذوری پر عنوانات شامل کرنے اور معذور اشخاص سے متعلق نوجوان طالب علموں میں آگاہی پیدا کرنے کے اقدامات کی سفارش کرے گی۔

(۳) حکومت کے افسران و عہدیداران بشمول جج صاحبان اور عدالتی عہدیداران کو تربیت دینے والی ذمہ دار تنظیموں کے تربیتی پروگرام میں حکومت معذور اشخاص کے متوجہ کرنے والے مسائل پر عنوانات کو شامل کرے گی۔

۳۰۔ بحالی۔ (۱) حکومت یہ یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرے گی کہ معذور اشخاص کو زیادہ سے زیادہ خودمختاری حاصل ہو سکے اور وہ زندگی کی سرگرمیوں میں شریک ہونے بشمول تعلیم حاصل کرنے، کاروبار کرنے، ملازمت حاصل کرنے اور کھیلوں اور ثقافتی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے لائق ہو سکیں۔

(۲) حکومت معذور اشخاص کو کمیونٹی میں مؤثر شرکت اور تکمیل کے لیے مسلسل مہارت کی ترقی اور موجودہ جدید مہارتوں اور ٹیکنالوجیز میں تربیت دینے کو فروغ دے گی۔

(۳) حکومت کمیونٹی پر مبنی بحالی کو فروغ دینے، مدد کرنے اور اس پر عمل درآمد کرنے کے اقدامات کی اور اس کے اپنے تحقیقاتی اقدامات کی ذمہ داری لے گی۔

۳۱۔ احاطہ بیمہ۔ (۱) کونسل معذور اشخاص کے لیے جامع طبی اور حادثاتی بیمہ تجویز اور صرف کر سکے گی اور ایسے اشخاص کو قابل گنجائش زندگی بسر کرنے اور بیمہ کے دیگر اشکال میں بھی سہولت دے گی۔

(۲) کونسل معذور اشخاص کو پریمیم ادا کر سکے گی جو پریمیم ان کے ذاتی ذرائع سے ادا نہیں کیا جا سکتا ہو۔

۳۲۔ خصوصی عدالتیں برائے معذوری۔ (۱) حکومت، فوری انصاف کے لیے، اس ایکٹ یا دیگر قوانین کے تحت مقدمات کی سماعت کرنے کے لیے عدالتوں کو نامزد کر سکے گی اور نامزدگی پر صوبائی حکومت کی حوصلہ افزائی کر سکے گی جس میں ایک یا زائد فریقین معذور اشخاص ہوں۔

(۲) مناسب عدالتی فورمز کی جانب سے ذیلی دفعہ (۱) کے تحت عدالتوں میں مقدمات کی نگرانی کرنے کے لیے مؤثر ادارہ جاتی میکانزم ہوگا جیسا کہ متعلقہ عدالت عالیہ کی جانب سے وضع کیا گیا ہو۔

۳۳۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار۔ (۱) کونسل، حکومت کی مشاورت سے، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے سے، اس ایکٹ کی اغراض کی تعمیل کرنے کے لیے قواعد وضع کر سکے گی۔

(۲) معذور اشخاص (ملازمت و بحالی) آرڈیننس، ۱۹۸۱ء کے تحت وضع کردہ قواعد جہاں تک کہ وہ اس ایکٹ کے احکامات سے متناقض نہ ہوں بدستور نافذ رہیں گے تاوقتیکہ تبدیل، ترمیم یا منسوخ نہ کر دیئے جائیں۔

حصہ چہارم

متفرقات

۳۴۔ ازالۂ مشکلات۔ اگر اس ایکٹ کے کسی بھی احکامات کو مؤثر بنانے میں کوئی مشکل درپیش ہو تو، حکومت ایسا حکم وضع کر سکے گی جو اس ایکٹ کے احکامات سے متناقض نہ ہو، جو اس مشکل کو دور کرنے کی غرض سے، ضروری دکھائی دے۔

۳۵۔ تنسیخ۔ معذور اشخاص (ملازمت اور بحالی) آرڈیننس، ۱۹۸۱ء (نمبر ۴۰ مجریہ ۱۹۸۱ء) دارالحکومت اسلام آباد کی حد تک، بذریعہ ہذا منسوخ کر دیا گیا ہے۔

بیان اغراض و وجوہ

اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور تمام شہریوں، بشمول معذور اشخاص، کے بنیادی حقوق کی بلا امتیاز ضمانت دیتا ہے۔ معذور اشخاص کے حقوق پر یو این کنونشن (UNCRPD) میں پاکستان کو بطور ریاستی فریق پابند کیا گیا ہے کہ مناسب قانون سازی، انتظامی اور حکمت عملی کے اقدامات کرتے ہوئے معذور اشخاص کے حقوق اور آزادی کے مکمل شعور و فہم کو یقینی بنائے اور اسے فروغ دے۔ اپنے قومی اور بین الاقوامی عہد و پیمان کو مدنظر رکھتے ہوئے، ICT حقوق برائے معذور اشخاص بل، ۲۰۱۸ء PWDs کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لیے مشاورتی عمل کے ذریعے سے تیار کیا جا چکا ہے۔ قانون مشمولہ سوسائٹی کے لیے قانونی اور اداراتی ڈھانچے کی تجویز دیتا ہے جہاں PWDs معاشرتی زندگی کی تمام اشکال میں، بالخصوص صحت، تعلیم اور ملازمت میں مکمل شرکت کر سکیں۔

۲۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا مقاصد کا حصول ہے۔

ڈاکٹر شیریں ایم۔ مزاری
وزیر برائے انسانی حقوق